حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: قسم کی اقسام کتنی ہیں؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 2: قسم کے کفارے میں کتنے روزے ہیں؟

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) 6

سوال نمبر 3: کون سی قسم پر کفارہ ہے؟

(الف) غموس (ب) منعقدہ (ج) لغو (د) تینوں

سوال نمبر 4: جس نے گناہ پر قسم کھائی اس کا کیا حکم ہے؟

(الف) حانث ہوگا (ب) کفارہ ہوگا (ج) گناہ گار ہوگا (د) الف اور ب

سوال نمبر 5: کس کے نزدیک حانث ہونے سے پہلے کفارہ ادا کرنا جائز نہیں؟

(الف) امام اعظم (ب) امام شافعی (ج) امام زفر (د) امام محمد

سوال نمبر 6: جو بغیر قصد کے قسم کھائے اسے کیا کہتے ہیں؟

(الف) غافل (ب) حانث (ج) ساھی (د) مکرہ

سوال نمبر 7: کس لفظ سے قسم کھانے سے قسم باطل ہو جاتی ہے؟

(الف) ان شاء اللہ (ب) ماشاء اللہ (ج) اللہ اکبر (د) اللہ اجل

سوال نمبر 8: "بَيْتٌ" کس سے مشتق ہے؟

(الف) بیوت (ب) اَبْيَاتٌ (ج) بَيْتُوتَةٌ (د) بیاتٌ

سوال نمبر 9: "كنيسة" کا معنی ہے۔

(الف) یہودیوں کی عبادت گاہ (ب) عیسائیوں کی عبادت گاہ (ج) سکھوں کی عبادت گاہ (د) آتش پرستوں کی عبادت گاہ

سوال نمبر 10: اسم اشارہ کے ذریعے وصف کس چیز میں لغو ہوتا ہے؟

(الف) اسم حاضر (ب) اسم غائب (ج) اسم فاعل (د) اسم متکلم

سوال نمبر 11: طلوع فجر سے لیکر ظہر تک کے وقت کو کہتے ہیں۔

(الف) غداء (ب) عشاء (ج) سحور (د) ضحیٰ

سوال نمبر 12: قسم کھائی: "پتھر کو سونا کر دے گا" تو کس امام کے نزدیک قسم منعقد نہیں ہوگی؟

(الف) امام اعظم (ب) امام محمد (ج) امام ابو یوسف (د) امام زفر

سوال نمبر 13: "نبهرجة" سے کون سے سکے مراد ہیں؟

(الف) سونے کے سکے (ب) چاندی کے سکے (ج) جس کو بیت المال رد کر دے (د) جس کو تاجر نہ لے

سوال نمبر14: کسی نے لفظ "السنون" سے قسم کھائی تو کتنے سال مراد ہونگے؟

(الف)ایک سال (ب)5 سال (ج)10 سال (د)20 سال

سوال نمبر15: کسی نے قسم کھائی میرا ہر مملوک آزاد ہے۔ تمام غلام آزاد ہو جائیں گے سوائے۔

(الف)ام ولد (ب)مدبر (ج)مکاتب (د)عبد مطلق

سوال نمبر16: حد زنا کتنے گواہوں کی گواہی سے ثابت ہوتی ہے؟

(الف)دو (ب)تین (ج)چار (د)پانچ

سوال نمبر17: "عقوبة مقدرة يجب حقا لله" کس کی تعریف ہے؟

(الف)تعزیر (ب)قصاص (ج)حد (د)یمین

سوال نمبر18: حد زنا میں غلام کو کتنے کوڑے مارے جائیں گے؟

(الف)40 (ب)50 (ج)80 (د)100

سوال نمبر19: گواہوں سے حد زنا ثابت ہونے کی صورت میں رجم کی ابتداء کون کرے گا؟

(الف)قاضی (ب)عام لوگ (ج)گواہ (د)سب ایک ساتھ

سوال نمبر20: حد زنا میں رجم کی سزا کے لئے مرد و عورت کا کس صفت کے ساتھ متصف ہونا ضروری ہے؟

(الف)خوبصورتی (ب)بالغ ہونا (ج)مسلمان (د)احصان

سوال نمبر21: کس جگہ رجم کیا جائے گا؟

(الف)شہر (ب)گاؤں (ج)میدان (د)پہاڑوں

سوال نمبر22: حد شراب میں شرابی کا کتنی مرتبہ اقرار کرنا کافی ہے؟

(الف)ایک بار (ب)دو بار (ج)تین بار (د)چار بار

سوال نمبر23: حد زنا ثابت ہے۔

(الف)نص کے ذریعے (ب)حدیث کے ذریعے (ج)اجماع کے ذریعے (د)قیاس کے ذریعے

سوال نمبر24: "یا ابن الفاجرة" اس میں "الفاجرة" سے کون سی عورت مراد ہے؟

(الف)گناہ گار (ب)زانیہ (ج)گانے والی (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر25: امام شافعی کے نزدیک سرقہ کا نصاب ہے۔

(الف)مکمل دینار (ب)آدھا دینار (ج)دینار کا تہائی حصہ (د)دینار کا چوتھائی حصہ